عبد القیوم حقانی

تعارف و تبصرہ کتب

سیرت البم | تحریر و ترتیب، شاہ مصباح الدین شکیل - صفحات ۱۱۶ ، قیمت درج نہیں
ناشر، پاکستان اسٹیٹ آئل کمپنی (PSO) داؤد سنٹر، مولوی تمیز الدین خان روڈ
پوسٹ بکس ۳۹۸۳ - کراچی

پی ایس او نے اپنی شاندار روایات کے ساتھ سیرت طیبہ پر ایک نئی پیش کش کی سعادت حاصل کی ہے ۔ "سیرت البم" PSO کی جانب سے ۱۹۷۹ سے کی جانے والی منظم اور مسلسل کوششوں کا حاصل ہے مولف شاہ مصباح الدین شکیل نے ساڑھے چار مہینے حجاز مقدس میں گزارے سیرت طیبہ کے اہم تاریخی مقامات کا بچشم خود معائنہ کیا ان سے متعلق معلومات حاصل کیں پھر ان مقامات کو تصویروں میں محفوظ کیا اور بہت سی نادر تصاویر جمع کیں طویل ترین اور صبر آزما سفر کئے علماء اساتذہ اور اہل علم سے ملاقاتیں کیں پھر سیرت البم ترتیب دیا اس میں تحریروں اور تصویروں کا ایک خوبصورت امتزاج ہے جس سے سیرت طیبہ کے اکثر گوشے خود بخود روشن ہوتے چلے جاتے ہیں یقیناً قارئین اس کی قدر کریں گے ہم اس شاندار اشاعت پر ڈائریکٹر جناب میاں محمد فرید اور مولف شاہ مصباح الدین شکیل کو ہدیہ تبریک پیش کرتے ہیں ۔

توضیح البیان لخزائن القرآن | تالیف، مولانا محمد یوسف سیفی، صفحات ۶۸ ، قیمت درج نہیں
ناشر کتب خانہ رشیدیہ، مدینہ مارکیٹ راجہ بازار راولپنڈی

مولانا محمد یوسف صاحب نے شیخ القرآن مولانا غلام اللہ خان مرحوم کی تفسیر "جواہر القرآن" سے سورتوں کے ربط اور خلاصوں کو اخذ کر کے علیحدہ کتابی صورت میں مرتب کر دیا ہے بعض مقامات پر تفصیلی مباحث میں دیگر مستند تفاسیر سے استفادہ کیا ہے طلبہ دورہ تفسیر کیلئے مفید کتاب ہے ۔

نقوش حضرت افغانی رحمہ اللہ | مرتب: سید محمد داؤد جان افغانی، صفحات ۲۷۲ - قیمت ۳۰ روپے
ناشر، ادارہ شمس المعارف ترنگ زئی ضلع چارسدہ

شمس العلوم والمعارف حضرت العلامہ مولانا شمس الحق افغانی رحمہ اللہ اسلام کے عظیم سپوت، علوم و معارف